***KATHY HOCHUL* گورنر**

فوری ریلیز کے لیے: 6/10/2022

**گورنر HOCHUL نے سافک کاؤنٹی میں 40$ ملین کے بزرگ شریوں کی رہائش کے منصوبے کی تکمیل کا اعلان کیا**

***ذرائع آمد و رفت پر مبنی یہ کمیونٹی خاندانوں اور بزرگ شیریوں کے لیے تقریباً 400 مخلوط آمدنی والے، کم قیمت گھروں کا اضافہ کر رہی ہے***

***11 پارک ڈرائیو اپارٹمنٹس، ویاندانچ گاؤں میں کھولا جانے والا ریاست کا فنڈڈ، چوتھا کم قیمت رہائش گاہوں کا منصوبہ ہے***

***خاکہ یہاں دیکھیں***

گورنر Kathy Hochul نے آج سافک کاؤنٹی کے چھوٹے سے گاؤں ویاندانچ میں 40.4$ ملین کے کم قیمت رہائش گاہوں کے منصوبے کی تکمیل کا اعلان کیا۔ 11 پارک ڈرائیو اپارٹمنٹس کے نام سے جانی جانے والی اس نئی تعمیر شدہ عمارت میں بزرگ شہریوں کے لیے 94 اپارٹمنٹس ہیں اور یہ ویاندانچ گاؤں میں اس منصوبے کا چوتھا مرحلہ ہے، یہ 40 ایکڑ اراضی پر محیط اور ویاندانچ لانگ آئی لینڈ ریل روڈ اسٹیشن سے ملحق ہے اور اب اس میں 395 اپارٹمنٹس ہیں۔

"معیاری، کم قیمت رہائش گاہوں کی فراہمی میں اضافہ پورے نیو یارک میں ترجیح ہے، خاص طور پر لانگ آئی لینڈ کی کمیونٹیز میں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "ہم ویاندانچ گاؤں جیسے رہائش کے مزید مواقع پیدا کرنے پر توجہ مرکوز کیے ہوئے ہیں جو اس بات کو یقینی بنانے میں مدد کرتے ہیں کہ ہماری بزرگ آبادی امد و رفت کی سہولیات تک بہتر رسائی اور آزادانہ طور پر رہنے کے لیے درکار خدمات سے لطف اندوز ہوتے ہوئے ان کمیونٹیز میں رہنے کے قابل ہو جنہیں وہ گھر کہتے ہیں۔"

11 پارک ڈرائیو اپارٹمنٹس کی تکمیل ریاست نیو یارک میں رہائش کو مزید کم قیمت، مساوی اور مستحکم بنانے کے گورنر Hochul کے منصوبے کی تکمیل کرتی ہے۔ مالی سال 2023 کے ریاستی بجٹ میں، گورنر نے 25$ بلین کا، ایک ایسا نیا پانچ سالہ، جامع رہائشی منصوبہ متعارف اور کامیابی سے منظور کروایا ہے جو نیو یارک بھر میں 100,000 کم قیمت گھروں کی تعمیر یا بحالی کر کے رہائش کی گنجائش میں اضافہ کرے گا، جس میں کمزور آبادیوں کے لیے معاونتی خدمات والے 10,000 گھروں کے علاوہ، 50,000 اضافی گھروں میں بجلی کی فراہمی شامل ہے۔

11 پارک ڈرائیو اپارٹمنٹس ایک پانچ منزلہ عمارت پر مشتمل ہے جس میں 94 اپارٹمنٹس 62 سال یا اس سے زیادہ عمر کے بزرگ شہریوں کے لیے مختص ہیں۔ تمام اپارٹمنٹس اس علاقے کی اوسط آمدن کی 70 فیصد یا اس سے کم آمدنی والے گھرانوں کے لیے قابل استطاعت ہیں۔

عمارت کو ایسے لوگوں کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے جو نقل و حرکت کے مسائل سے دوچار ہیں اور جن کو تھڑوں پر سے گزرنے میں مشکل کا سامنا ہوتا ہے یا جو وہیل چیئر یا واکرز پر انحصار کرتے ہیں۔ جسمانی معذوری والے

رہائشیوں کے لیے سات اپارٹمنٹس کو مکمل طور پر ڈھال لیا گیا ہے اور تین مزید اپارٹمنٹس کو نظر یا سماعت سے محروم رہائشیوں کے لیے مکمل طور پر ڈھالا جائے گا۔

سہولیات میں لانڈری کی سہولت، کثیر المقاصد کمیونٹی روم، کمپیوٹر روم، فٹنس روم، رہائشیوں کے لیے سماجی خدمات کا دفتر اور سرسبز سبز قطعہ شامل ہیں۔

منصوبے کی ڈیولپمنٹ ٹیم Albanese Development Corporation اورSelfhelp Realty Group کے درمیان مشترکہ منصوبہ ہے۔

Selfhelp اس عمارت کے اندر عمر رسیدہ افراد کے لیے فعال خدمات کے ماڈل کو چلائے گی، جو سماجی خدمات میں شمولیت اور تشخیص، فوائد اور حقوق کے حوالے سے معاونت، ذہنی اور جسمانی تندرستی کے پروگرامز اور سماجی تقریبات پیش کرتا ہے۔ یہ پروگرام رہائشیوں کو رضاکارانہ مواقع اور کمیونٹی پر مبنی وسائل، جیسے گھر پر کھانا پہنچایا جانا، گھر پر نگہداشت، ذہنی صحت کی خدمات اور آمد و رفت کے متعلق حوالہ جات بھی فراہم کرتا ہے۔

11 پارک ڈرائیو اپارٹمنٹس ویاندانچ گاؤں میں مکمل کی جانے والی چوتھی رہائشی عمارت ہے۔ 40 ایکڑ پر مشتمل اس پارسل کو قصبہ بابلون نے رہائشی تعمیر نو کے لیے ایمپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ، ریاست نیو یارک کی ماحولیاتی سہولیات کی کارپوریشن، وفاقی ٹرانزٹ ایڈمنسٹریشن اور وفاقی ڈیپارٹمنٹ برائے رہائش اور اربن ڈیولپمنٹ کے تعاون سے حاصل کیا۔ ویاندانچ گاؤں بحالی کی ایک وسیع تر کاوش کا حصہ ہے جسے ویاندنچ رائزنگ کہا جاتا ہے، یہ ٹرانزٹ پر مبنی شہر کے احیاء کا ایک جامع منصوبہ ہے اور اسے لانگ آئی لینڈ ریجنل اکنامک ڈویلپمنٹ کونسل کا ترجیحی منصوبہ قرار دیا گیا ہے۔

The Albanese Development Corporation کو قصبے نے رہائشی عمارتوں کے لیے اولین تعمیر کنندہ کے طور پر منتخب کیا تھا۔ 11 پارک ڈرائیو اپارٹمنٹس کے علاوہ، 177 اپارٹمنٹس والی دو مخلوط استعمال، مخلوط آمدنی والی عمارتیں 2015 میں مکمل ہوئیں اور 124 مخلوط آمدنی والے اپارٹمنٹس والی ایک تیسری عمارت 2019 کے آخر میں کھولی گئی۔ چاروں منصوبوں کو ریاست نیو یارک گھروں اور کمیونٹی کی تجدید سے فنانسنگ حاصل ہوئی۔

11 پارک ڈرائیو اپارٹمنٹس کے لیے ریاستی فنانسنگ میں شامل تھے 7.9$ ملین جو ٹیکس سے مستقل مستثنیٰ بانڈز سے ملے، وفاقی کم آمدنی ٹیکس کریڈٹس جن سے ایکویٹی میں 15$ ملین آئے اور HCR سے 14.9$ ملین کی سبسڈی حاصل ہوئی۔

**ریاست نیو یارک گھروں اور کمیونٹی کی تجدید کی کمشنر RuthAnne Visnauskas نے کہا،** "ویاندانچ گاؤں اب ایک باسہولت، ذرائع آمد و رفت کے مطابق آسان جگہ پر کئی مختلف درجے کی گھریلو آمدن والوں کے لیے تقریباً 400 اپارٹمنٹس پیش کرتا ہے۔ اس قسم کی منصوبہ بند تعمیر، ریاست نیو یارک میں ایک نمونے کے طور پر کام کرے گی کہ کس طرح سمارٹ، پائیدار اور مخلوط استعمال کی کمیونٹیز کی تعمیر کی جائے۔ 11 پارک ڈرائیو اپارٹمنٹس بزرگ شہریوں کے لیے 94 کم قیمت گھروں کا اضافہ کرتا ہے تاکہ مکین Selfhelp کی موقع پر موجود خدمات تک رسائی کے ساتھ اس پھلتے پھولتے اور فعال محلے میں محفوظ طریقے سے بڑھاپا گزار سکیں۔ ہم اپنے مقامی شراکت داروں اور Albanese Development Corporation کا شکریہ ادا کرتے ہیں کہ انہوں نے ویاندانچ گاؤں کو حقیقت بنایا۔"

**سافک کاؤنٹی کے ایگزیکٹو Steven Bellone نے کہا،** "اس بات کو یقینی بنانا کہ ہمارے بزرگ شہریوں کے پاس یہیں سافک کاؤنٹی میں گھر کہنے کے لیے محفوظ جگہ موجود ہو یہی اولین ترجیح ہے اور اس کم قیمت رہائشی منصوبے کی تکمیل بالکل ایسا ہی کرتی ہے۔ میں ریاست نیو یارک کی مسلسل شراکت داری اور اس بات کو یقینی بنانے کے لیے شکریہ ادا کرنا چاہوں گا کہ ضرورت مند افراد اپنے سروں پر چھت رکھنے کے قابل رہیں۔"

**قصبہ بابلون کے سپروائزر Rich Schaffer نے کہا،** "یہ نیا منصوبہ ویاندانچ رائزنگ کا ایک دلچسپ حصہ ہے۔ ہمارے بزرگ شہریوں کے لیے ایسی رہائش فراہم کرنا جو انہیں لازمی آزادی برقرار رکھنے کی اجازت دے اس

علاقے میں ایک ایسی ضرورت ہے جو پوری نہیں ہو رہی۔ پورے ٹاؤن بورڈ کی جانب سے، ہم Selfhelp میں اپنے شراکت داروں اور اس منصوبے کو حقیقت بنانے میں شامل تمام ریاستی ایجنسیوں کا شکریہ ادا کرتے ہیں۔"

**البانی تنظیم کے صدر Christopher Albanese نے کہا،** "ہمیں 11 پارک ڈرائیو کی تکمیل اور لیز پر دینے کے ساتھ ویاندانچ گاؤں میں اپنے تازہ ترین منصوبے کی تکمیل پر فخر ہے، جو کہ ہمارے سب سے کمزور، مقامی بزرگ شہریوں کے لیے بنائی گئی 100٪ حسب استطاعت کرائے کی عمارت ہے۔ اس ذمہ داری کی تکمیل ہمارے تمام شراکت داروں بشمول Selfhelp Community Services، ریاست نیو یارک گھروں اور کمیونٹی کی تجدید، سافک کاؤنٹی، قصبہ بابلون اور قصبہ بابلون کی صنعتی ترقی کی اتھارٹی؛ اور ساتھ ساتھ ہمارے کم آمدنی والی رہائش گاہوں کے ٹیکس کریڈٹ سنڈیکیٹر، Hudson Housing Capital اور ہمارے قرض دہندہ، JPMorgan Chase Bank کے بغیر ممکن نہیں ہو سکتی تھی۔ 11 پارک ڈرائیو اس پانچویں عمارت کا اضافہ ہے، جو 'ویاندانچ رائزنگ' کے نام سے مشہور سرکاری اور نجی تعاون میں اپنا حصہ ادا کرنا اور اس سے استفعادہ، دونوں جاری رکھے ہوئے ہے، جو ویاندانچ کمیونٹی کے لیے نئی، محفوظ اور کم قیمت رہائش لانے نیز معاشی نمو کے لیے نئے مواقع پیدا کرنے کے لیے ایک کاوش ہے۔"

**Selfhelp Realty Group | The Melamid Institute of Affordable Housingکی ایگزیکٹو ڈائریکٹر Evelyn Wold نے کہا،** "Selfhelp کو اس ٹیم کا حصہ بننے پر فخر ہے جو ویاندانچ اور آس پاس کے علاقوں میں بوڑھے بالغوں کے لیے خدمات کے ساتھ کم قیمت رہائش فراہم کر رہی ہے۔ Albanese Organization کے ساتھ اس باہمی تعاون سے نیو یارک کے ایسے بہت سے بوڑھے شہریوں کو فائدہ پہنچے گا جنہیں اپنی کمیونٹی میں ایک حسب استطاعت اور خوبصورت نئے گھر کی ضرورت ہے۔ ہم ( Selfhelp Active Services for Aging Model) SHASAM، جو کہ Selfhelp کا فعال خدمات برائے عمر رسیدگان کا ماڈل ہے کو 11 پارک ڈرائیو پر لانے اور کم اور درمیانی آمدنی والے بوڑھے رہائشیوں کی صحت اور تندرستی میں معاونت کے لیے موقع پر موجود خدمات فراہم کرنے کے لیے پرجوش ہیں۔"

###


اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418